یکم جون، 2020

عزیز CPS فیمیلیز،

ہم اپنی اس قومی شورش سے کس طرح سے نکل پائیں گے؟ ہم اس سوال پر کافی غور کرتے رہے ہیں اور اب ہمیں اس کا تسلی بخش جواب تلاش کرنا ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ اسکول کمیونیٹیز اس بارے میں ایک واضح، مخلصانہ گفتگو کرنے کے لئے اہم مقام ثابت ہو سکتی ہیں کہ بطور ایک مملکت ہم یہاں تک کیسے پہنچے۔

شکاگو اور ملک بھر میں حمایتیوں کا سڑکوں پر امڈ آنا ہمیں اس امید کے احساس سے معمور کر دیتا ہے کہ ہماری قوم نے صورتحال کو بدلنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ہم شکاگو کے باشندوں کی حمایت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ کھڑے ہیں جو کہ پوری قوت سے، مگر پُر امن طور پر سیاہ اور براؤن افراد کے حقوق کی وکالت کر رہے ہیں۔ بدقسمتی سے، ایسی صورت میں کہ جب خبروں اور سوشل میڈیا پر اوباش افراد کی جانب سے املاک کو پہنچنے والا نقصان مرکز نگاہ بن جائے تو مصالحت مشکل ہو جاتی ہے۔ تاہم، ہمیں وہ نقطہ جس نے لاکھوں امریکیوں کو سڑکوں پر امڈ آنے پر مجبور کر دیا، اور وہ کام جو بحیثیت ایک قوم زخموں پر مرہم رکھنے کی خاطر اب بھی کرنا باقی ہے، انہیں نگاہوں سے اوجھل نہیں ہونے دینا۔

اس کام کا آغاز ان لوگوں سے دشوار کن گفتگو کرنے سے ہوتا ہے جن سے ہم پیار کرتے ہیں اور جنہیں ہم بمشکل جانتے ہیں۔ آج، ضلع **ان کے نام پکاریں** کو ریلیز کرنے جا رہا ہے، جو کہ سودمند گفت و شنید کی حوصلہ افزائی کرنے کی خاطر آپ کے لئے مواد اور وسائل پر مشتمل ہے۔ در حقیقت یہ ٹول کٹ اساتذہ کے لئے بطور ایک وسیلہ تخلیق کی گئی تھی، تاہم اب پہلے سے بڑھ کر، یہ سنگین طور پر ناگزیر ہے کہ ہم ان گفت و شنید کو کمرۂ جماعت سے نکال کر اپنے گھروں تک لے کر جائیں۔

**اپ ڈیٹ: گریب اینڈ گو طعام کل، 2 جون، 2020 سے دوبارہ سے شروع ہو جائیں گے۔**

عارضی طور پر خوراک کی فراہمی کو کچھ دنوں کے لئے معطل کر دینے کا فیصلہ کرنا مشکل تھا کیونکہ ہم جانتے تھے کہ ہمارے خاندان کس قدر ہم پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم اپنی کمیونیٹیز میں بدلتی صورتحال کی نگرانی کرتے رہیں گے، کسی نمایاں پیشرفت کی صوابدید پر اپنی طعام گاہوں کو کل سے کھول دیں گے۔

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ خاندان ایک محفوظ اور خیرمقدمی ماحول میں کھانا لے سکیں، کل سے، گریب اینڈ گو طعام گاہوں کی حدود میں محکمہ پولیس شکاگو کی جانب سے امدادی اہلکار موجود ہوں گے۔

اگر آپ کے اضافی سوالات یا خدشات ہیں یا طعام کی ڈیلیوری کے لئے سائن اپ کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 773-553-KIDS پر CPS کمانڈ سینٹر سے بلاجھجھک رابطہ کریں۔

خیر خواہ،

جینس کے۔ جیکسن(Janice K. Jackson)، EdD<br>
چیف ایگزیکٹیو آفیسر<br>
شکاگو پبلک اسکولز

لا تانیا ڈی۔ مک ڈیڈ(LaTanya D. McDade)<br>
چیف ایجوکیشن آفیسر<br>
شکاگو پبلک اسکولز